خدا کیو اسطے اے مہر کر شتاب طلوع

غزل ناسخ

عریانی جنون مین سے ہر کام آئی داغ
طاوس کی طرح ہے بدن پر قبائی داغ

سوداگران مشک کا ملتا نہین دماغ
مرہم کی ہے تلاش جو ہمکو برا ہے داغ

جلتا ہون سر سے پاؤن تلک مثل آفتاب
حاصل ہو فلک سے نہ مجکو سوا ہے داغ

ہوتا ہی کرم خوردہ گل لالہ جسطرح
ناسوریون ہین میرے جگر مین بجائے داغ

جی داغ آسمان نے دکھایا اک سیکو یہان
ہر ایک مہ جبین نے جھجک کے پائی داغ

شکوہ نہین ہے جوشش سودائے عشق کا
مانند شمع سر سے ہمارا ہر ہے داغ

سودائی ہین ازل سے لیے کہہ سال الہ سان
ہوگا ہمارے خاک سے نشو و نمائے داغ

جراح اپنے بینہ و مرہم کو دور رکھ
بہہ کر نہ گیے اس سے اور مرے شعلہای داغ

کیو نکر گلو نکی خاطر نازک کو توڑ دون
گلشن بہن غنچہ لب سے مین نے چھپائے داغ

مرنے کا غم نہین ہے مگر داغ ہے یہ مجھے
دامن سے اُسکے میرے لہو کی چھڑائی داغ

جنت کو جاینگے نہ دوزخ بغل مین ہم
ناسخ لو نہین جو صدقہ ہی لقا داغ

غزل تقی

ہم اور تیری گلی سے سفر دروغ دروغ
کہان دماغ ہمین اسقدر دروغ دروغ

غزل ظفر

[illegible]

غزل انشا

اى آتش فراق مرا دل ہے سوز داغ
جھلکے ہی جسمین دور سے جون دیر کا چراغ

آنکھون نہین ہما کہ نشہ وحدت کا ہو طلوع
ساقی مئی مغانہ سے بہر دے مرا ایاغ

بیٹھا ہے آج مجلس رندانمین شیخ یونہ
طوطی کے پاس جیسے کوئی ہم قفس ہو زاغ

بیدل لگاوٹ آہ کسی ساتھہ کیجیے
لیکن دل و دماغ کہان کسکو ہے فراغ

پوچھو نہین کسیکی کتہ حقیقت کو جیتک
انشا مجھے ملا نہین اپنا ہی کچھ سراغ

غزل سودا

سرد مہری ہے تیری تو نکی مٹ گیا ہے سوز داغ
کر دیا ان ظالمون نے ملک دل کا بی چراغ

وا اس شیشہ تیرا بلبل کہ جسکے ہو یہ قدر
خار ہین کوچہ بکوچہ تو ہی سوا ایاغ باغ

مملکت ساری ہی باد کر سلیمان کو تہا
گوشہ خاطر مین ہے اپنی مجھے جو کچھ فراغ

بلبل خوش نغمہ ہون لیک اس گلستان مین جہان
نالہ مرغ چمن سے کم نہین فریاد زاغ

خوش کبھی اس بزم مین دو دل نہ دیکھی ایکجا
دم بدم مینا ہے روتا ہے تو ہنستا ہے ایاغ

حیف اس گلشن مین عاشق طرف ہین ناقبول
گل سدا بلبل سے ناخوش مجھسے ہے تو ہے بید داغ

دل اگر کھو یا ہے سودا چھوڑ مت دنبال اشک
شاید اس دریا کے طفلان سے ملے تو یاد سراغ

غزل میر تقی

میلان دل ہے زلف سیہ فام کیطرف
جاتا ہے صید آپسے اس دام کیطرف

دل اپنا عدل داور محشر سے جمع ہے
کرتا ہے کون عاشق بدنام کیطرف

اس پہلوے فگار کو بستر سے کام کیا
مدت ہوئی کہ چھوٹی ہے آرام کیطرف

یک شب نظر اوٹھا کہین تو سوے بام اب
رہتی ہے کون چشم تری بام کیطرف

انکہین جنہونکی زلف رخ یار سے لگین
وہ دیکھتے نہین سحر و شام کیطرف

جون چشم یار بزم مین اگلاسی پر ہے آج
تک دیکھ شیخ می کے بھرے جام کیطرف

جا جا شگاف سینہ خراش ایکسی نہین
لیکن نظر نہین ہے تجھی کام کیطرف

دل پک رہی ہین جنکے انہین سے مجھے شوق
میلان طبع کب ہے کسو خام کیطرف

غزل سوز

[illegible]

غزل فغان

[illegible]

غزل سودا

تب اوسنے عرض کی کہ آسے دیکھیے یہ
احوال قیس پاس ہے زنجیر کا ورق
ہم کو تحفے نے کھیل مین تحریک ہو
رکھتا ہے یہ غلام نہ ہی تیغ شمشیر کا ورق
تو وہ ہی آج دیکھیے جو چاہیے یہ رخ ترا
دہوالا وے آپ مترسے تصویر کا ورق
خط پر نظر پڑے تو رموز و رقع کرے
سو ٹکڑے اپنی ہاتھ سے تحریر کا ورق

مصحفی

لیلی نے جب مرقع عالم کی سیر کی
دیکھا ہے ایک عالم دلگیر کا ورق
پہچان کر اوٹھا لیا جیحون نے پیار سے آج یہ
عنوان ہے اپنے ہی تقریر کا ورق
سودا نے دیکھیے ترے دیوانہ پن
یہ بیاض منتخب میر کا ورق

غزل آصف

دیکھون ہون تن بہین اس ستم ایجاد کیطرف
جون صید وقت ذبح کے صیاد کیطرف

بے مشورت نگہ کے تری طبع روزگار
آدمی نہ تارہ جور کی ایجاد کیطرف

نے دانہ ہم قیاس کیا نہ لحاظ دام
پہنس گئے قفس مین دیکھہ کے صیاد کیطرف

غیر و مکی بات پر نکہون مت رکہو خیال
لیکن کبھو تو میری بہی فریاد کیطرف

طرہ کی تیرے واسطے صد چوب شانہ وار
قمری گئی ہے کاٹنے شمشاد کیطرف

جور و ستم تعدی و اندوہ و درد و غم
مائل ہوئے ہین اوس دل ناشاد کیطرف

سامان نالہ سب ہین مہیا برائے اثر
مین دیکھتا ہون تیرے ہی امداد کیطرف

شایت نہووے خون جو اروز باز پرس
بولین گے اہل حشر بہی جلاد کیطرف

خون کر رہا ہے جوش رگ جان مین ترے
سودا نہ دیکھہ نشتر فصاد کیطرف

غزل انشا

لکہہ مرے قتل کے محضر پہ وہ شخص کی حرف
تھا وہ سب یاد رہین لو ہو ہے حرف بحرف

یا علی سوزن مژگان مین پڑا دلبر تو
بن گئے رشتہ تار نگہ ژرف کی حرف

نوش جان ہے جو بر جام بلورین کہدا
اسکے گویا کہ ترا شیدہ ہین سب برف کی حرف

پنجتن پاک کے جو نام ہین سب گرد اگرد
زیب دہ تیری گلی کے ہین یہ دو ظرف کی حرف

قتل بقتل قتلا ہے پڑہے ہے قاتل
کبھی دو چار وہ سنتا ہے جو کم ظرف سے حرف

تیس حرفون مین بہی کچہ ہی پڑا انشا سہ ہے
پس ہے ہا بحر بکی ہین جو حرف بہی حرف کے حرف

غزل نصیر

دیکھا جو سینہ تیرے تصویر کا ورق
سمجھا دل اسکو نسخہ اکسیر کا ورق

مضمون سرد مہری جانان رقم کرون
گر ہاتھ ہے لے کاغذ کشمیر کا ورق

کیون سطر کہکشان سے مزین ہو فلک
ہے یہ کتاب کاتب تقدیر کا ورق

دیکھے وہ لب کو جسنے نہ دیکھا ہو اے صبا
برگ گل رخ بت بے پیر کا ورق

تعریف تیرے روی مخطط کی کس سے ہو
ہے مصحف مجید کی تفسیر کا ورق

لیلے نے خط کو کہولکے قاصد سے یون کہا
ہے یہ کسی کے عاشق دلگیر کا ورق

نکوئی ہو جیو یاں مجھسا مبتلائے فراق | گذر گئی ہے مرے عمر در بلائے فراق
غریب و عاشق و بیدل فقیر و سرگردان | اوٹھا چکے ہیں سبھی رنج و دانہائے فراق
ملے فراق مجھے گر تو جان سے ماروں | سرشک دیدہ سے بہر دو نیں خونہائے فراق
فراق تیرے کو فرقت کا مبتلا نہ کروں | کہ صرف خون جگر روئیں دیدہ ہائے فراق
کدہر فراق کہاں میں کدہر کے رنج و تعب | فلک کے ہاتھ سے اب ٹوٹ جائے پائے فراق
میں داد پاؤں کہاں کیا کروں کہوں کس سے | فراق کو کوئی ہیگا جو دے سزائے فراق
یہ بیدلی ہے کہ حافظ کی اور مرے منہ سے | برنگ مرغ سحری نکلے ہے صدائے فراق

غزل سودا

رنگ سے چہرے کے رسوا ہووے ہے بیمار عشق | عشق کو یار و چھپا سکتا نہیں انکار عشق
گاہ اشک تر گہے خوں گاہ ہے لخت جگر | اس طرح جاری ہے ان آنکھوں سے کاروبار عشق
کیا کروں اس نے مجھے ہے کردیا بے خانماں | سر پہ کافر کی نہ پڑیو سایہ دیوار عشق
تھا سکندر طالع اس دم تک کہ دل تھا میری پاس | کھا گیا افسوس اس آئینہ کو زنگار عشق
اس چمن میں طرح بلبل کے وہ نالاں کون تھا | روز و شب کھٹکا کرے سینہ میں جسکے خار عشق

غزل میر تقی

گر بادیہ میں مجھکو صبا لیکے جائے شوق | مجنوں کو میری اور سے کہیو دعائے شوق
وصل و جدائی سے ہے میرا وہ کام جان | معلوم کچھ ہوا نہ ہمیں یاں سوائے شوق
ہر چار اور اڑتی پھرے ہے ہماری خاک | سر سے گئی نہ جی سے گئی پر ہوائے شوق
دیر و حرم میں ہمکو پھراتا ہے دیر تک | پھر بھی ہمارے ساتھ ہے وہ ہی ادائے شوق
افسوس ایسے کوچے سے تم آشنا نہیں | کیا دردناک میں ہی کوئی ہے نوائے شوق
درد اور آہ ہی جو کرے ہے دم سحر | اک مشت پر ہی مرغ گلستاں ہائے شوق
کیا پوچھتے ہو شوق کہاں تک ہے ہمکو میر | مرنا ہی اہل درد کا ہی انتہائے شوق

غزل انشا

نخشق سچ ہو تو نہ معشوق ہو کیونکر عاشق | جسپہ غش ہم ہیں اجی وہ بھی ہی ہم پر عاشق

چمن بے نظیر

مجھے روکا جو کسی نے تو وہ بولے اے واہ
ایک پیرا ہے جو وہ لاکھوں سے ہے پیارا عاشق
میری نصیحت سے ہے بولے کہ ہے دنیا سے تمام
شیخ سعدی ہی گلستان منصور عاشق
حیف دروازے کی لکڑی نہ بغل اور نہ [illegible]
لے گیا رات کو جو سر سے نہ [illegible] عاشق
دیکھو تو عشق کی [illegible] وصل میں ہے
[illegible] پاس [illegible] عاشق

پھر تو ہو بھر لائے جو جرم [illegible] لکھو نہیں تو دیکھنے لگے
اپنے اس شکل سے ہیں ہم سے منظور عاشق
دیکھ کر اس کی طرف شیخ رہا تو بولے
قبلہ قسمت کی ہوا مجھ پہ [illegible] مجنون عاشق
ننگ و خاک در معشوق حقیقی کے سوا
خوگرفتہ نہیں بابا رنج و لیکن عاشق
یاد رکھ ہمت ہے اگر [illegible] عہدہ دربانی میں
ہو در سے معشوق کے دروازے پہ نوکر عاشق

ادب آموز ہو مانند ارسطاطالیس | عاجلت پہ تر ہووے سکندر عاشق

سیکھہ تقریر تو وہ شستہ و رفتہ جس سے | قلزم علم کے ہون تختہ شناور عاشق

فارسی پر تری او ٹسنہ ایران کو غش | عربی بولے تو ہو روم مین قیصر عاشق

نہ کہ صحبت ہو رزالونکی جو یون تجکو کہین | دمونکی خیر رہے دولہ بہادر عاشق

دیکہتا تجہکو جو مین ہاتو کہ انکہونسے | تک رہے تہے طرف غرفہ و منظر عاشق

شرط تہا عشق کو گر حسن تو پہر کیون ہوتے | چہوڑکر گل کو ہلا ورنہ صنوبر عاشق

کہہ یہ تبدیل قوافی غزل ایسی ورگرم | جسکے مطلع پہ ہو آتش نشاشہ خاور عاشق

غزل ناسخ

برنگ گل مجہے کیا چاہئے گریبان چاک | کہ مثل غنچہ ہزارون ہین دل بہنا چاک

تصور اوس دل صد چاک مین ہاو سرکا | ہوا ہے جسکے اشارے سے ماہ تابان چاک

ہر ایک لالۂ صحرا ہے تیرا داغ بلبل | ہر ایک گل ہے چمن مین ترا گریبان چاک

تو ایسا ماہ لقا ہی کہ تیری سامنے ہو | کتانکی طرح گریبان ماہ کنعان چاک

یہی دعا ہے خدا سے رہون بیابان مین | نہ میری غم سی ہو پیراہن عزیزان چاک

جو زیست چاہئے کری مال سے تہی پہلو | صدف کے سینے کو کرتے ہین جو یکہہ باران چاک

نہین ہے جادہ مین وحشی پہنسا جو زندان مین | مری فراق مین ہے سینۂ بیابان چاک

کیا کلال قضا نے خمیر خاک بتان | یہ مہر و ماہ پیالی ہین چرخ گردان چاک

غزل تقی

عزت اپنی اب نہین ہے یار کو منظور تک | پاس جاتا ہون تو کہتا ہی کہ بیٹہو دور تک

حال میرا شہر مین کہتے رہینگے لوگ دیر | اس فسانی کی تئین ہونے تو دو مشہور تک

پشت پا مارے ہین شاہی پر گدا کوئی عشق | دیکہو تو یا انکا خدا کیوا سطے دستور تک

چاہی لگا مجہسے بے قدرت کا کیا ہے اعتبار | عشق کرنیکو کسیکے چاہئے مقدور تک

حق تو سب کچہ تہا ہی ناحق جان دی کسواسطے | حوصلہ ہے بات کرتا کا شکے منصور تک

منکر حسن بتان کیونکر نہووے شیخ شہر | حق ہی اسکی اور وہ انکہونسے ہے معذور تک

پہر کہین کیا دل لگایا میر جو ہے آرزو
منہ پہ آتا تہا ترے دو چار دن سے نور تک

غزل آتش

گر ہون افلاک و عقول اور نظر بیسون ایک
مدرکات اور معقولات عشر بیسون ایک
رعد و برق و شفق و زلزلہ اور اوسکی پری
چار سمت اور قلق شام و سحر بیسون ایک

تتمۂ دیباچہ

اسطقسات و موالید و جواہر جس
سفت اقلیم جہان معدن از بیسون ایک
سبعہ سیارہ ارکین جہات و العباد
ہووین گولک کے بیچون شیر و نہنگ بیسون ایک
چودہ ... اور سب اجلال و نکاو و ازنس
نے اشکل ہووین بہم بیچ الگ بیسون ایک
جسکے بین ازن پہلو امر جلد و بنج حواس
سب ہون پابستہ و مدرم نہ بیسون ایک

حامل وحی خضر چالاک سب بار ہون اُس
نزع مین انکی ہین باشر و قمر بسیون ایک

واشفیع آب ہوا اور گیارہ تمام اٹھ ہشت
جسلیہ شفاق کرین منہ یاد دہر بسیون ایک

سات دن اور شب جمعہ مہینے بارہ
کہتے ہین اسکی طاعت کا ہنر بسیون ایک

پنجتن چودہ ہون معصوم حق انشاء اللہ
رکہین الطاف کی سب تجہ پہ نظر بسیون ایک

غزل سودا

شمع اوس عارض کے سب کہتے ہین پہونچی نور تک
ہمسے جو پوچہی کوئی ہے حرف شمع طور تک

بس چلے تو دیکہنے ہرگز تجہے تجہکو نہ دون
آئینہ گہر مین تیرے رہنے نہ دون مقدور تک

آنکہ اس مسکیدی کی بیچ جز چشم پر آب
قسمت اپنی ہم نہ پائی ساغر معمور تک

رہیو مت غافل نگاہ حسرت اکو اوسکی سے
پہونچی وقت جان کنی گر اپنی تو رنجور تک

کونسے عارف کو یان دعوی انا الحق کا نہین
یہ ترانہ ختم لیکن ہو چکا منصور تک

ہجوم ہے اوس زلف کی تشبیہ دنیا مشک سے
شاعر و یہ بات پہونچی گی دراز و دور تک

یہ غزل سودا کہی ہے تونی اس انداز سے
ہند سے پہونچی گی ہاتہون ہاتہ نیشاپور تک

غزل سوز

مجکو تہمت مت لگا بہر خدا تو اے فلک
ہاتہ بہی پہونچا نہین اب تک مرا دامن تلک

ہان مگر تقصیر یہ کی ہے کہ ایک شب با غیر
رخنہ دیوار سے دیکہی تہی قاتل کی جہلک

اس گنہ پر جو ترے دلمین ہو سو تو کر سلوک
لیگیا تہا اس شرابی کے لئے مین دل گزک

اور بہی اک یاد آئی ہے کہ مین جہوٹا نہین
جون گیا مین پاس وسکے اوٹھ گیا دامن جہٹک

دیکہکر مجہکو نہایت طیش سے بولا کہ وہ
اپنے رتبہ سے نہ رکہہ تو پاؤن اُکے چل سرک

رہگیا اپنا سا موہنہ لیکر قدم پیچہے پہرا
ہر قدم پر مارے خجلت کی مین ہٹتا تہا ہجک

اس گنہ پر جو ترے دلمین ہوا حرج کہین
اپنے اس دلسوز کو تو ہاتہ مین لیکر یا بہٹک

غزل سلیمی

ایک تو وقت نزع ہی دم کا لگا تھا ہچکی بیچ
قیامت اور ہوئی حسرت کی دنیا لیکے چھوٹ سب
سوزش فرقت میں جان ناتوان اور تن بدن
سب اوسکا ہی سکتی ہے داغ دل کی جو بیکی چھوٹ
شوق میں عرش میں اخحلہ اور کی خامان اعلا دون
پہونچا ہے والا ہے اپنی مین ... جائے چھوٹ
مست لگا جام مین ارنی ... انجاف در
تیغ مست ہی تنی گو دامن سے ہالا لیکے چھوٹ

غزل [illegible]

تجہے ہین ساز محبت بزم مین ناوس تنو خلی
لگیا ہے غش مین عالم ... جو تالی کی چہونک
پڑگیا ماسور سا شاید کہ دلمین عشق کا
روز و شب جار ہے جو یکہ خونکی پرنالی کی چہونک

آہیں بھر بھر سوز غم سے آف کلیجہ جل گیا
پر نہ سمجھا میں کہ کیا ہی دلکی تنہا لیکے جھونک

مرہی جاتا ہوں جو یاد آتی ہی وہ زہر ہجر میں
وصل کی شب کیجے جو اپنی مست دستوالیکی جھونک

نازکی اتنی کہ جھک جاتی ہے گردن ناز سے
جس گھڑی پڑتی ہی اسکی کاکلی بالیکی جھونک

ہار ہونکی سلیمی جسکو لاتی ہے صبا
وہ اوٹھا سکے نہیں یک غنچہ لالیکی جھونک

غزل ناسخ

ایسے تپ غم سے دل نالاں میں لگے آگ
جب نالہ کیا عالم امکاں میں لگے آگ

یہ سوزش غم ہے پس مردن ہی کہ میں نے
جب سانس بھری روضہ رضواں میں لگے آگ

ساتھ اشک کی آنے لگی لخت دل سوزاں
دیکھو گے کہ خمخانہ مژگاں میں لگے آگ

ہے صبح شب وصل ہوئے گرم فغاں ہم
سمجھو نہ شفق گنبد گردوں میں لگے آگ

یہ آتش رنگ لب جانان نے جلایا
اخگر ہوئی یاقوت بدخشاں میں لگی آگ

تیرے لب جان بخش ہوئی یانسب سرخ
عالم نے کہا چشمۂ حیواں میں لگے آگ

آیا ہے نظر ہجر میں جب رنگ گلوں کا
سمجھا ہوں یہی صحن گلستاں میں لگی آگ

دریا میں لگا دھونے جو تو دست حنائی
مشعل کی طرح پنجۂ مرجان میں لگی آگ

بدنام ہوئی آہ شرربار ہماری
ناسخ جو کبھی کوچۂ جانان میں لگی آگ

غزل میر تقی

غافل ہیں ایسے سوتے ہیں ساری یہاں کے لوگ
حالانکہ رفتنی ہیں سب اس کارواں کے لوگ

مجنوں و کوہکن نہ تلف عشق میں ہوے
مرنے پہ جی ہی دیتے ہیں اس خانداں کے لوگ

کیونکر کہیں کہ شہر وفا میں جنوں نہیں
اس خصم جاں کی سارے دوانے ہیں یاں کے لوگ

رونق تھی دل میں جب نہیں بستی تھی برتر
اب کیا رہا ہی اوٹھ گئی سب اس جہاں کے لوگ

توہم ہیں اور آپ میں مت دیکیو دخل
ہوتے ہیں فتنہ ساز ہی درمیاں کے لوگ

مرتے ہیں اسکی واسطے یوں تو بہت ولی
کم آشنا ہیں طور سے اس کام جاں کی لوگ

پتی کو اس چمن کے نہیں دیکھتے ہیں گرم
جو محرم روش میں کچھ اس بدگماں کی لوگ

بت چیز کیا ہے کہ جسکو خدا مانتے ہیں لوگ
خوش اعتقاد کتنے ہیں ہندوستاں کے لوگ

فردوس کو بھی آنکھ سے پھر دیکھتے نہیں
کس درجہ سیر چشم ہیں کوئی بتانے لوگ

کیا سہل جی سے ہاتھ اوٹھا بیٹھتے ہیں ہائے
یہ عشق [illegible] ہیں آہی کہاں کے لوگ

منہ تکتے ہی رہے ہیں سدا مجلسوں [illegible]
گویا کہ میر محو ہیں مرے زبان کے لوگ

غزل آتش

[illegible]

ایک سے ایک ہے تماشات رنگ
وہ زنس ہے جہاں رنگا رنگ

سامنے تیری روئے رنگیں کے
لالہ و گل نے بھی نہ پکڑا رنگ

[illegible] اور زلف یار کی درمیان
[illegible] سودا رنگ

[illegible] نہیں [illegible]
[illegible] نیلا رنگ

زلف و رخ سے تیرے کھلا کہ نہیں ایسا کالا نہ ایسا گورا رنگ
جس نے گیسوؤں کو تیرے دیا مشک کی بو کے ساتھ کالا رنگ
فکر رنگیں نے تیرے اے آتش کیسے کیسے کئے ہیں پیدا رنگ

غزل انشا اللہ خان

جھونکدی عشق نے جب سے دل بیتاب میں آگ
غل مچا یہ کہ پڑی معدن سیماب میں آگ
جیسے وہ شعلۂ برق آنکھوں میں پھرتا ہی مرے
چونک چونک اٹھوں میں دیکھ اجی خواب میں آگ
جی یہ چاہے ہے ابھی شیشۂ صہبا کو اڈیل
شمع سے دیکھئے بس جا و مہتاب میں آگ
تجھ بن اے ماہ شب چار دہم برلب جو
پڑ رہی ہے مرے اس دیدۂ پرآب میں آگ
یاد مسجد میں جو آیا خم ابرو تیرا
لگے انشا کی دم گرم سے محراب میں آگ

غزل سودا

دل مسخر کر نہیں سکتی ہے تیغ و تیر و جنگ
ملک تو کچھ یہ نہیں جسکو کری تسخیر جنگ
یہ مگر مہر و محبت سے جو ہاتھ آوے تو آئے
اسکی ہاتھ آنیکی ای پیارے نہیں تدبیر جنگ
جنبش ابرو نے مارا لشکر صبر و قرار
ہو وے ہے فیصل کہ جب ہونچی ہی تا شمشیر جنگ
سامنے چہرے کے تیرے مہر و مہ کا ہی یہ حال
رنگ رو نام و کا کرتی ہی جو ان تغیر جنگ
کب سپاہی کام میں آقا کے دیتی ہے اپنا جی
بھوکھ سے کرتا ہے ہو کر زندگی سی سیر جنگ
یہ نہیں ممکن کہ وہ وحشی کسیکا ہو و رام
کرتے ہیں اسیر عبث باہم جوان و پیر جنگ
روبرو آیا تھا جو سودا کی قسمت کا لکھا
کر چکی اسکی قلم با خامہ تقدیر جنگ

غزل شیدا

جی نکل جاوے گا سن او گلبدن
جو ہوا ہے سے تو یک آن الگ
عاشق زار کا طور
اندنوں ہے کچھ اور
مثل گل غم سے ترے غنچہ دہن
چاک دامن ہے گریبان الگ
می کشی کا جو مزا
ہے یہی نام خدا
یار ہو ساقی ہو اور سیر چمن
پیویں خلوت میں مریجان الگ

غزل ذوق

ازل سے یوں دل عاشق ہے نور کی قندیل
کہ جیسے عرش خدا ہے غفور کی قندیل
ہے جو وہ فرق بتاں گوش نور کی قندیل
تجلی ہے اختر صبح نشور کی قندیل

ہمارے کعبۂ دل میں ہمیشہ روشن ہے — کسیکے تاب کمال ظہور کی قندیل
جہاں ہو خانۂ عشرت جسے ہو اسکا فروغ — کہ لٹکے اوسپہ سر پر غرور کی قندیل
ہے ہی جون قمر منخسف سدا بے نور — سیاہ بخت ہو نکی بالین گور کی قندیل
پڑی جو عکس ترا خام میں تو ہو روشن — حباب بادہ تجلی ہے طور کے قندیل
عیاں ہے یون مرا روز سیہ میں اختر دل — کہ جیسے شب کو نظر آوے دور کی قندیل
سوائے دل کی ہو تاریخ باغ خلد سی بہی — کبھی پسند نہ اوس رشک حور کی قندیل
اوڑے جو آہ کی ہمراہ نکل کے پارہ دل — ہوئی ہوا میں بصورت طیور کے قندیل
وہ تیز میں یہ تیرے نالۂ قیامت زا — کہ انکی رکھنے کو لازم ہے صور کی قندیل
نسیم کرتی ہے روضے میں نفتہ جانو نکو — نہ گل ہو باد سے آواز صور کی قندیل
سمجھتا قدر ہی ناقص کب اس غزل کی فوق — یہ روشن آپ نے کیون پیش کور کی قندیل

غزل عارف

فلک جو دیکھے ہے میرے رشک حور کی قندیل — نہ آفتاب کو پھر سمجھے نور کی قندیل
حباب بحر میں گر عکس خور پڑے تیرا — اثر سے اوسکی وہ ہو جائے نور کی قندیل
سوا نہ حد سے کہیں شعلہ زن ہو آتش غم — بھڑک اوٹھینگے دل ناصبور کی قندیل
وہی تو ہے در دار العدالت یزدان — جہان کہ لٹکی سر پر غرور کی قندیل
تمہارے تیر نگہ کرتے تھے مرے دل میں — پھر اوسکو توڑ کی کسون چور چور کے قندیل
فروغ حسن سے روشن ہو اسکی لٹکا دے — وہ بی چراغ جو گھر میں بلور کی قندیل
ہوا کو دخل کہاں ازدحام رحمت میں — بجھینگے کب مرے بالین گور کی قندیل
یہ شیخ جی کا عمامہ تو دیکھئے گویا — سنڈھی ہوئی ہے کسی بے شعور کے قندیل
جہان عیش کا اک آسمان مجھے کہیے — کہے ہے یہ تیری بزم سرور کی قندیل
ہمارا گھر ہے بہت تنگ بہر آسائش — ہمیں جو بہیجی تو ہے چشم مور کی قندیل
ستارا سا جو چمکتا ہے اونکی کوٹھی پر — و نہیں نے رکہا کو روشن ضرور کی قندیل
ہزار تیر نگہ چلتے ہیں جو اک پل میں — نہان ہے چشم میں کیا رشک حور کی قندیل

ہمارے آئینۂ دل کو پاس سے دیکھو — دکھائی دیوے ہے چھوٹے سے دور کی قندیل
بجا و بیجا تو ہے پروانے کا لکھے ہوئے — قدیم سے ہے کسی پاشنور کی قندیل
سبوی می نظر آئی جو زلف میں عارف — تو سمجھے ہم کو ہے بزم سرور کی قندیل

غزل آتش

[illegible]

کھلا زمین تری [illegible] گران پھول
اے سرو روان پھول [illegible] چمن پھول
پیار کے سوز [illegible] چمن پھول
بیکس نہیں میں [illegible] دو چمن پھول
ساقی یہ بیا ہے گلستان [illegible] شفق [illegible] پھول
نہ پی بی [illegible] بلکتا
وہ ساقی کی یاد [illegible] نظر انداز کران پھول

زلفونکی لٹک دیکھکے سودائی ہو سنبل
نازک بدنی پر تری کھائی نہ سمن بھول

سنتے ہین جو شہرت تیری نازک بدنی کے
ہوتے ہے خوشی ایسی کہ جاتے ہین ان بھول

دکھلائیگی کیا شام غریبانکی شگوفی
ہر چند کہ غنچو نکو کرے صبح وطن بھول

عشرت کدہ عاشق و معشوق نہین باغ
دولہی بلبل نہ تو یک شب نہ دولہن بھول

تلوونکی تلے رکہکے ملی یار نے سمجھا
سونگھی ہو بلبل کے جو وہ غنچہ دہن بھول

بیفایدہ قمری کا ہی یہ دردسر عشق
پہل ہی نہین رکھتا ہے ملکیہ سرو چمن بھول

قرآنکی عوض جلکی پڑھو مطلع رنگین
آتش سے سخنگو کہ ہین یہ اہل سخن بھول

غزل کثر شاہ

لیگیا وہ دلربا دل آہ دل افسوس دل
یہ گیا دل وہ گیا دل آہ دل افسوس دل

مین نکہتا تہا پریشان ہوگا در سودائے زلف
ای گرفتار بلا دل آہ دل افسوس دل

نقد کو دلکی سمجھکر قلب اس دلبر نی آج
بے درم سستا لیا دل آہ دل افسوس دل

لگ گئی کسکی نظر جو ہو گیا یون مضمحل
تہا بہلا چنگا مرا دل آہ دل افسوس دل

مین نکہتا تہا تو نے سے ای دل کمتر نہ مل
پہر خدا کی جو رضا دل آہ دل افسوس دل

غزل شہید

ایگل اندام چمن مین تو نہ مل بر سر گل
ڈہیر ہوتی ہین ابہی لوٹ کی گل بر سر گل

کان تو پہوٹ گئی شور و فغان سے بلبل
ایسا بیہودہ تو کیون کرتی ہے غل بر سر گل

کچہ تو شبنم کو محبت ہے کہ ہر رات نثار
ایدہر اودہر سے یہ آرہتی ہے ڈہل بر سر گل

عرق اس چہرۂ گلرنگ پر یون لہرایا
جیسے شبنم ہے بیتابی سے ڈہل بر سر گل

ہو رہے آمد گلشن کی جو مامین شہید
عندلیبونکو پڑا چاہئے قل بر سر گل

غزل سودا

اس چمن کے سیر مین آیا پریوین ملکی مل
کیا بنا ہے صانع قدرت نی رنگین گلکی گل

یہ نہ وہ دریا کہ جسمین گذری پل باندہکر
موج چشم عاشقان دے توڑ پل مین پل کے پل

قتل کا کسکے کیا ہے آج ان آنکھون نے عزم
کھینچکر تیغہ رہے ہین ابرو اوس قاتلکے حل

عہد مین تیرے ہین جو حسن [illegible] کسکو ہوا ہے شغل عشق
پیچ رہے ہین [illegible] غریب [illegible] غل عشق
[illegible] شکل [illegible] ہو سودا کی [illegible]
ہو کے مشکل شرح عقدی [illegible] شغل عشق

غزل علیم اللہ

پہنچے ہیں دیکھنے کو تماشا کو جائیں چل
اپنے پیا کی عشق سے اپنی ہی راہ جائیں چل

دونون جہان مین جسکے تجلی سے تابدار
وہ آفتاب حسن نظر مین بجائین چل

جلوہ گہا سے یار کے محمل چلے ہین آج
خلوت مین ابر خفی کے پیا کو چلائین چل

پیرو نہین پیا کو کسی کے وصال سے
فن سے ابی کی اسکو بسین رچائین چل

دم کا مرود کرکے ارادے کا تار باندھ
سر سدا کا صور بنا کر سنائین چل

ناصوت سی گذر کے تفرح سے بالعلیم — لاہوت کی بھی کہا نہیں سدا غل مچائیں چل

غزل مومن خان

ٹھانی تھی دل میں اب نہ ملینگے کسی سے ہم
پر کیا کریں کہ ہو گئے ناچار جی سے ہم

ہنستے جو دیکھتے ہیں کسی کو کسی سے ہم
منہ دیکھ دیکھ روتے ہیں کس بیکسی سے ہم

مجھ سے نہ بولو تم اسے کیا کہتے ہیں بھلا
انصاف کیجیے پوچھتے ہیں آپ ہی سے ہم

بیزار جان سے جو نہ ہوتے تو مانگتے
شاید شکایتوں پہ تری مدعی سے ہم

اس کوے میں مرینگے مدد اے ہجوم عشق
آج اور زور کرتے ہیں بیطاقتی سے ہم

صاحب نے کس غلام کو آزاد کر دیا
لو بندگی کہ چھوٹ گئے بندگی سے ہم

بے روے شل ابر نہ نکلا غبار دل
کہتے تھے انکو برق تبسم ہنسی سے ہم

ان ناتوانیوں پہ بھی تھے خار راہ غیر
کیونکر نکالے جاتے نہ اوسکی گلی سے ہم

کیا گل کھلے گا دیکھیے ہے فصل گل تو دور
اور سوے دشت بھاگتے ہیں کچھ ابھی سے ہم

ہے چھیڑ اختلاط بھی غیروں کے سامنے
ہنسنے کے بدلے روئیں نہ کیوں گدگدی سے ہم

وحشت ہے عشق پردہ نشیں میں دم بکا
منہ ڈھانکتے ہیں پردہ چشم پری سے ہم

کیا دل کو لے گیا کوئی بیگانہ آشنا
کیوں اپنے جی کو لگتے ہیں کچھ اجنبی سے ہم

لے نام آرزو کا تو دل کو نکال دیں
مومن نہ ہوں جو ربط رکھیں بدعتی سے ہم

غزل ابراہیم ذوق

شمع نازاں نہ ہو اک رات بہا آنسو گرم
برسوں یاں چشم سے ٹپکا ہی مرے لوہو گرم

بل بے ای آتش غم دل کو کرے یہ تو گرم
کہ زمیں پشت سمک تک ہو مرے پہلو گرم

لطف بوسہ نہ رہا ہم پہ ہوا جب ہے تو گرم
شربت قند دیا کر ہے بر آتش جو گرم

تن ہا یوں ہی غم ہجر سے گر گرم مرا
سیخ آہن کی طرح ہونگے بدن پر مو گرم

بیشتر جل کے نہ کیوں کشتہ فولاد ہو خاک
نکلے ہے آتش سودا سے مرے لوہو گرم

کٹ سکا صید محبت سے نہ قاتل کا گلا
اس سے پتھر پہ رگڑ آکہ ہو جا تو گرم

آتش ولے لیس از مرگ برنگ شعلہ
خاک عاشق سے نکلتا ہے نکل خود رو گرم

مہروش بن کے تم سے حسن جاناب کی تاب
شانہ گرم آئینہ ہوا آئینہ سے زانو گرم

کیا کہوں نامہ جالسوز کی اپنے تاثیر
جل گیا بال کبوتر کا ہوا بازو گرم

مرے مجروح کو لگا کے بھی اور عدہ میں
چونکا اس وقت کہ جب میں نہ پہا ہو گرم

دست خورشید کی رعشہ سے پہر جا کے چھوڑ
کھنچکر تیغ کو جب وہ ہو لال ابرو گرم

غزل مصحفی

دل کو آتش کے جلانیکا ہے ارماں
میں وہ شعلہ ہوں کہ اڑا نہ کبھی ہو کا دو گرم
صبح سے ہی گرم فغاں
کیوں ہوا سوختہ جاں
آتش رہے کو جو ہے سے ترے بگڑ و گرم
جو فضا بارد
ہم تو تشنہ تھے سدا کل
کہتا ہے وہ کیوں ہو تر تیغ ابرو گرم
ذوق ہوتا ہے

غزل شاہ نصیر

کب دل ہی ہوؤں سے ہوا ہے ہمہ تن چشم | نظارۂ ساقی کو ہے مینا ہمہ تن چشم
تو وہ چمن آرا ہے کہ ہر دستۂ نرگس | دیکھے ہے ترا بن کے تماشا ہمہ تن چشم
اے تیر فگن ہم ترے ہاتھوں سے نکلے ہیں قربان | تودے کی طرح مجکو بنایا ہمہ تن چشم
برقعہ کو اولٹ منہ سے جو کرتا ہے تو باتیں | اب میں ہمہ گوش ہوں یا ہمہ تن چشم
کیا خاک ہو صیاد مجھے چشم رہائی | حلقوں سے بنا دام ہے تیرا ہمہ تن چشم
اے رشک قمر شب کو کہاں نکلیں ہیں تارے | نظارے کو تیری ہے فلک کیا ہمہ تن چشم
وہ می ہے گر جام بلوری میں اے ساقی | بن جائے لبوں سے یہ دریا ہمہ تن چشم
آنکھوں کے تصور میں نصیر اوسکی شب و روز | دل صورت آئینہ ہے اپنا ہمہ تن چشم

غزل ناسخ

ساتھ لائے ہیں ازل سے دید کا آزار ہم | گلشن عالم میں کیا ہیں نرگس بیمار ہم
جانہ کوئے یار میں ہیں رات دن بیدار ہم | آنکھیں وا رکھتے ہیں مثل روزن دیوار ہم
بہ گئے ہیں واعظا گرداب دور جام میں | زیست بہر ہونگی نہ اس دریائے مے سے پار ہم
گر نظر آتا نہیں یک لمحہ وہ نور نگاہ | کرتے ہیں اپنی نظر کو آنسوؤں کا تار ہم
ہیں جو غافل انکو سولی پر بھی آجاتی ہے نیند | پنبہ تو شک یہ ہیں منصور سے ہشیار ہم
عمر گذری اک بت کافر نظر آیا نہیں | حشر میں کیونکر خدا کا پائینگے دیدار ہم
ہو وہ کافر جسکو دیدار خدا کی ہو ہوس | او بت کافر تری ہیں طالب دیدار ہم
دوڑتے ہیں ہیچ قاتل کے گریباں پھاڑکر | رکھتے ہیں کیا اشتیاق زخم دامن دار ہم
نفرت ایسی ہو گئی نظارہ ہائے غیر سے | رکھتے ہیں تار نظر کو رشتہ زنار ہم
داغ سودا ہیں بجائے پوشش کعبہ ہیں | واعظا اپنے حرم دل کے ہیں زوار ہم
سب گیں تن پر نظر آتی ہیں مثل بہار | کرتی ہیں ناسخ جو اک مطرب پسر کو پیار ہم
جب چبھا گلبرگ میں کانٹا ہمارا دل دکھا | نرگس بیمار کی غم میں ہوئے بیمار ہم

غزل جرأت

کوچۂ یار میں جو ہو دسو ہو بیٹھے ہم | بہ کہو دوستو یا نیک کہو بیٹھے ہم
ہے بنا و قصد ہے سوئے بیاباں نہ و نکلے ہم | [illegible] سمر نے دو بار [illegible] و بیٹھے ہم
[illegible] یہ نہیں ہے کہ گریباں آ و بیٹھے ہم | [illegible] اس کے [illegible] جا و بیٹھے ہم
[illegible] اس کے کوچے سے [illegible] جو بیٹھے ہم | [illegible] بیار اور وصل [illegible]
کبھی [illegible] کبھی غصہ کبھی [illegible] | [illegible] کبھی رو بیٹھے ہم

مقطع

دل کو اس یار ستمگر سے لگا کر جرأت | اپنے سب راحت و آرام کو کھو بیٹھے ہم

غزل میر تقی

ہے تہ دل بتوں کا کیا معلوم | نکلے پردے سے کیا خدا معلوم
یہی جانا کہ کچھ نہ جانا ہائے | سو بھی اک عمر میں ہوا معلوم

علم سب کو ہے یہ سب تو ہے
پھر ہے اللہ کیسا نامعلوم

گرچہ تو ہی ہے سب جگہہ لیکن
ہمکو تیرے نہین ہے جا معلوم

عشق جاتا تھا مار رکھی گا
ابتدا مین تھی انتہا معلوم

اس سیہ چشم دلبرو سے ہمین
تھے وفا چشم سو دفا معلوم

طرز کینہ کی کوئی چھپتی ہے
مدعی کا ہے مدعا معلوم

عشق گر ہے طبیب جی کا روگ
لطف گر ہے جو کچھ دوا معلوم

دل بجا ہو تو میر کچھ کھاوے
کرا ہنے بچنے مین شتہا معلوم

غزل آتش

ہوتا ہے سوز عشق سے جل جل کے دل تمام
کرتی ہے روح مرحلہ آب و گل تمام

حقا کہ عشق رکھتے ہین تجسی حسین پر
دم بھرتے ہین ترا بت چین و چگل تمام

ٹپکائی زخم ہجر پر اے ترک کیا کرین
خالی ہین تیل سے ترے چہرے کی تل تمام

دیکھا ہے جب تجھے عرق آگیا ہے یار
غیرت سے ہوگئی ہین حسین منفعل تمام

عشق بتا نکا روگ نہ ایدل لگا مجھے
ٹھکوایا خون کرتا ہے آزار سل تمام

قدسی بھی کشتہ ہین تیری شمشیر ناز کے
مارے پڑے ہین متصل و منفصل تمام

درد فراق یار سے دکھتا ہے بند بند
اعضا ہمارے ہوگئی ہین مضمحل تمام

سارے عدالت الفت صادق کی ہے تا گواہ
پھر روز ہے یہ لبی ہو ہے اپنی سجل تمام

تیر نگاہ ناز کا رہتا ہے سامنا
چلتے ہوا یہ سینہ مشبک سے دل تمام

ہوتا ہے پردہ فاش کلام دروغ کا
وعدہ کا دن سمجھے وہ پیمان گسل تمام

خلوت مین ساتھ یار کے جاتا تھا تمہین
ارباب انجمن ہوئے آتش خجل تمام

غزل سودا

نہ غرض کفر سے رکھتے ہین نہ اسلام سے کام
مدعا ہمکو تو ساقی سے ہے اور جام سے کام

دل نالان کو مرے کسکے ہے آرام سے کام
کوئی بیچین رہے اپنی اسی کام سی کام

کیون نہ افعی چلے ہر ایک جگہہ کھڑا کر
نہ پڑا اسکو تری زلف سیہ فام سی کام

ہون اسیر اوسکا جسے بعد گرفتاری صید
نہ گرفتار سے مطلب ہے نہ دام سے کام

گر اکیلا کہین ملجائے ہمین تو ولکا
لیجئے من مانتا اوس تیغ کا

جو مین آغاز ترے کام کا دیکھا سودا
اے وہ دن کہ تجھے اوسکے ہو انجام سے کام

غزل وزیری

جون سبزہ روندی کے الٹے ہی پاؤن چلے ہم
اس گلزار مین فلک سے پھر لے نہ پھلے ہم
رونے مین ہین نہ سب و روز اسی کا ہم
غنچے کی طرح ہنس کے مین گل بھی نہ کھلے ہم
جس گل کو دیکھا ہے نظر آیا ہے نظر کا ہم

ہم وہ نہ قلم تہے کسی مالی کے لگائے
نرگس کے نہالون مین تہے صف کی ہلی ہم

افسوس کہ اس دل کا کنول کہلنے نہ پایا
کوئی دنکو چلی جاتی ہین ماٹی کی تلے ہم

اب پہلے ہی آغاز مین پامال ہوئے ہائے
فریاد کرین کس ستی قسمت کی جلے ہم

و کہہ اپنا عبث کہتے ہین سید رد کی آگے
بے بس جو جہان آگری ہرگز نہ ٹلی ہم

زندان مصیبت مین بہلا کسکو بلائین
رہتی ہین ؤ زیری سی ہے دنرات ملے ہم

غزل میر تقی

اگر راہ مین ادسکے رکہا ہے کام
گئے گذرے خضر علیہ السلام

دہن یار کا دیکہہ چپ لگ گئی
سخن یہان ہوا ختم حاصل کلام

مجہے دیکہہ منہ پر پریشان کی زلف
عرض یہ کہ جاؤ ہوئی اب تو شام

سر شام سی رہتی ہین کاہشین
ہمین شوق اس گل وہ کا ہی تمام

قیامت ہی یہان چشم دلسے رہے
چلے بس تو وہان جاکی کرنے مقام

قطعہ

ندیکہی جہان کوئی انکہون کی اور
نہ لیوی لوئی جس جگہہ دل کا نام

جہان میر زیر و زبر ہو گیا
خرامان ہوا تہا وہ محشر تمام

غزل سوز

ہے کل صبا کیطرح پہرے اس چمن مین ہم
پائی نہ بو وفا کی تری پیرہن مین ہم

شیشہ کیطرح شام سے رو رو کی تا سحر
خالی کرین ہین دلکو تری انجمن مین ہم

فانوس ہجر شمع جلے جس طرح ہنوز
جلتے ہین تیرے ہجر سے ظالم کفن مین ہم

شعلہ دہوان ہے ہمارے کبہی بہی سوز
بہٹی کیطرح جل گئی کچہ من ہے من مین ہم

غزل نظیر جینے بیگھ

دور سے آئی تہی ساقی سنکی میخانی کو ہم
بس ترستی ہی چلی افسوس پیمانی کو ہم

می بہی ہے مینا بہی ہے ساغر بہی ہے ساقی نہین
دل مین آتا ہے لگا دین آگ میخانی کو ہم

کیون نہین لیتا ہمارے تو خبر اے بیخبر
کیا ترے عاشق ہوئے تہے درد غم کہانیکو ہم

ہمکو پہنسنا تہا قفس مین کیا گلہ صیاد کا
بس ترستی ہی رہے ہین آب و دانی کو ہم

دور سے آئے [illegible]

طاق ابرو مین صنم کی کیا خدائی رہ گئی
اتنے تو بہی چہینگے اسی کافر کے بتخانے کو ہم

باغ مین لگتا نہین صحرا سی گہبراتا ہے دل
اب کہان لیجاکے بیٹہین ایسے دیوانے کو ہم

کیا ہوئی تقصیر ہے تو بتا دی جان ظالم
ملکہ شادی کی مرگ سمجہین ایسی مرجانیکو ہم

غزل سودا

کیا مجہی مین اسی لیے دیکی کا خدائی مین دہوم

غزل شیفتہ

شور ہے جسکے لئے کعبہ مین بتخانہ مین ہے ہجوم
زلف کو کہولا تو کر اس کی سو رشکا علاج مین دہوم
مخت دیوانے نفی کی زنجیر کہل جانی مین دہوم
مٹ گئی وہ شور دلکو آہ شب آئی بہار
ورنہ کیا کیا ہم بہی کرتے شہر و ویرانہ مین دہوم
تجہے نگاہ کرم کی حسرت ہے دل لیکے جوش
لامکو دیکہون ہون مین جب جمع پروانہ مین دہوم

سونے کی گائے کی قسم اور رود نیل کی
فرعون کی قسم تجھے ہامان کی قسم
بستر مرا ہے خار مغیلان بسان قیس
لیلےٰ کی ہے تجھے صف مژگان کی قسم
ایسی بڑی قسم ہی نہ مانی تو ہے تجھے
جنوں کے قبلہ گاہ ابوالجان کی قسم
کونے میں باغ کے وہ جو رہتا ہے اک جنیت

غزل جرأت

تجھکو اوسکی شوکت و ذیشان کی قسم
دیو سفید کی قسم اور کوہ قاف کی
باغ ارم کی قسم اور پرستان کی قسم
سونا جو چاری کی کی قسم اور کلو ابری
مکار بلا کی غول بیابان کی قسم
تسبیح جو ساری سو بین یا فی ابری کا ابر
میں تیغ سے بھنے کی شیطان کی قسم
مل جا جو تو ہو سے وہ کیطرح ہو غضب
انشا نہ کچھ تیرے تجھکو مری جان کی قسم

اسقدر میں لاغر سے میری خوش انبای دہر
جوں ہلال عید ہے میری نظر آنے میں دہوم
دلکو مُس کو چمن سے اب چلی ہے فوج اشک
ہوگئی بہو جو اس طفل دیوانہیں دہوم
کب ہے ایسوا شراب اس بزم میں بیٹھے ہیں یار
تونے اے کم ظرف کی پہلی ہی پیمانے میں دہوم

غزل میر تقی

ظلم کے کھینچے الم پر الم
ترحم کے مت کر ستم پر ستم
علم بازی آہ جانکاہ ہے
رہے ٹوٹتے ہی علم پر علم
جو سو سر کے ہو آؤ مانو نہ میں
عبث کھاتے ہو تم قسم پر قسم
کئی بار آنا ادھر لطف سے
عطا پر عطا ہے کرم پر کرم
خطرناک تھی وادیٔ عشق میر
گئے اسمیں ہم قدم پر قدم

غزل انشا اللہ خان

مل مجھسے اے پری تجھے انسانکی قسم
دیتا ہوں تجھکو تخت سلیمانکی قسم
کروبیاں کی تجھکو قسم اور عرش کی
جبرئیل کی قسم تجھے رضوانکی قسم
طوبےٰ کی سلسبیل کی کوثر کے جام کی
حور و قصور و جنت و غلمانکی قسم
روح القدس کی تجھکو قسم اور مسیح کی
مریم کی تجھکو عفت دامان کی قسم
تجھکو محمد عربی کی قسم ہے اور
مولا علی کے شاہ خراسان کی قسم
توریت کی قسم قسم انجیل کی تجھے
تجھکو قسم زبور کی فرقان کی قسم
دامن کو میرے ہاتھ سے اس رات جھٹک
تجھکو سحر کے چاک گریبان کی قسم
مدت سے تیری چاہ ذقن میں غریق ہوں
باللہ مجھکو یوسف کنعان کی قسم
قیدی ہوں تیرا میں تجھے اوندی خدا
اور اوس عزیز مصر کے زندان کی قسم
موسےٰ کی ہے قسم تجھے اور کوہ طور کی
نور و فروغ جلوہ لمعان کی قسم
سوگند آب ہنسی کی تجھے کچھ دلایئے
سن تجھکو اپنے نازکی اور آن کی قسم
تجھکو قسم ہے غنچہ زنبق کی تاک کی
اور شور عندلیب غزلخوان کی قسم
نرگس کی آنکھ کی قسم اور گل کے کان کی
تجھکو سرو عزیز گلستان کی قسم

غزل میر تقی

کون کہتا ہے منہ کو کھولو تم
کاشکے پردے ہی میں بولو تم

حکم آب رواں رکھے ہی حسن
بہتے میں ہاتھ دھولو تم

کیا سراہیں وہ اپنے حسن کو ایک
دل عجب ہے متاع لے لو تم

جانا آیا ہے اب جہاں سے ہمیں
تھوڑی تو دور ساتھ ہولو تم

جب میسر ہو بوسہ اُس لب کا
چپکے ہی ہو رہو نہ بولو تم

پنجہ مرجان کا پھر دہرا ہی رہے
ہاتھ خوں میں ذرا ڈبولو تم

دست دی ہی کسی پلک سے سیل
دل جہاں پاڈاب پرولو تم

آتے ہیں متصل چلے آنسو
آہ کب تک یہ موتی رولو تم

رات گذری ہے شب بڑہی میر
آنکھ لگ جائے ٹک تو سولو تم

غزل ناسخ

یہاں ازلسے داغ سودا ہے دل آگاہ میں
سنگ اسود جسطرح ہی نصب بیت اللہ میں

جاسکے کوئی اس قاتل کے جولانگاہ میں
سایہ مژگاں بچھا دیتا ہی کانٹے راہ میں

حسن جاناں ایک عالم پر ہے ممکن نہیں
یہاں کمی بیشی رہا کرتی ہی نور ماہ میں

دل میں رہتا ہی پر آنکھوں میں نظر آتا نہیں
کیا تفاوت ہے اب اس بت اور بیت اللہ میں

وہ بہشتی رو لگا پھرنے جو پاس باز سے
راہ میں آیا نظر خورشید یوسف چاہ میں

ہوں تری تاثیر کا قائل جو ہے مضمون شوق
یار کو مکتوب پہونچے نامہ بر ہو راہ میں

ہے وہ مجنوں جو نظر آتا ہے زیر آسمان
کون لیلے ہے جنوں انگیز اس خرگاہ میں

مثل نرگس اک سمن بر کے ہیں آنکھیں منتظر
کھل گیا اگلتہ تیری فرقت جانکاہ میں

بعد مردن اسکو حسرت اسکو حسرت سے نصیب
فرق اتنا ہی نظر آیا گدا و شاہ میں

جسم کاہیدہ ہو غمسے دل ہی سوزان داغ سے
شعلہ آتش نہان ہی اپنی برگ کاہ میں

رشک نخل وادی ایمن ہے ہر برگ سیاہ
سنگ ریزے طور ہیں اسکی تجلی گاہ میں

خوش عبث ہوتے ہیں ناداں ماہ نو کو دیکھکر
اک مہینا عمر کا ہوتا ہے کم ہر ماہ میں

[illegible]
یہ دعا ناسخ کی ہے یا رب تری درگاہ میں

غزل درد

ہم تجھسے کس ہوس کی فلک جستجو کریں
دل ہی نہیں رہا ہے جو کچھ آرزو کریں

تر دامنی پہ شیخ ہماری نہ جائیو
دامن نچوڑ دیں تو فرشتے وضو کریں

سر تا قدم زبان ہیں جوں شمع گو کہ ہم
پر یہ کہاں مجال جو کچھ گفتگو کریں

[illegible]

ہر چند آئینہ ہوں پر اتنا ہوں ناقبول
منہ پھیر لے وہ جسکے مجھے روبرو کریں

نے گل کو ہے ثبات نہ ہمکو ہے اعتبار
کس بات پر چمن میں ہوس رنگ و بو کریں

ہے اپنی یہ صلاح کہ سب زاہدان شہر
اے درد آکے بیعت دست سبو کریں

اگر ملے ترے ہاتہون سے جنون فرصت تو لون
قصاص آبلۂ پا مین نوک خار سے لون
مرے حضور پہ لوہین ہین ترے چہاتی پر
جو ہو نجیح ہاتہ تو بدلا گلو نکی ہار سے لون
دلا نکہے کہین گہر یا لہا مین گہر ہو نکا
حساب اس غضب بحر سیاہ کار سے لون
عجب ہے سیر کسی دن تو ساتہ باغبن چل
کہان تلک مین قدم عجز و انکسار سے لون

مخمس

[illegible]
تو بادہ بہار سے کئی ابر تو بہار سے لون
جو مستی کی لطف کا ارادہ ہو تجہے ترے دین
چمن مین باغ عرش گل و ... شاخسار سے لون
اگر ہوا کی غنچہ مین ہو زیادہ سرخ
تو نسیم سی چمن سرو جو بہار سی لون
ہو نسیم سے مطرب نغمہ سرا تو اسکا کلام
[illegible]
[illegible]

غزل ذوق

بے یار روز عید شب غم سے کم نہین | جام شراب دیدہ پرنم سے کم نہین
دیتا ہے دور چرخ کسی فرصت نشاط | ہو جبکے پاس جام وہ اب جم سی کم نہین
اس زلف فتنہ زا کی لئے او مسیح دم | کچہ دست شانہ پنجۂ مریم سے کم نہین
زیبا ہی وے زرد پہ کیا اشک لالہ گون | اپنی خزان بہار کے موسم سے کم نہین
سرعت ہی نبض کے رگ سنگ مزار مین | دلکی طپش کچہ اب بہی تپ غم سی کم نہین
وحشی کو تیری چشم کی مژگان ہر غزال | صحرا مین تیز ناخن ضیغم سے کم نہین
ہوتے ہے جمع زر سے پریشانی آخرش | درہم کی شکل صورت درہم سے کم نہین
ساقی ملی ہزارون فلاطون خاک مین | جو خم بنے ہے قالب آدم سے کم نہین
اس حوروش کا گہر مجہے جنت سہی سوا | لیکن رقیب ہو تو جہنم سے کم نہین
شورائہ سرشک سی دہوتا ہون زخم دل | مجہکو تو جلوۂ گل و شبنم سے کم نہین
ای ذوق کسکو چشم حقارت سے دیکہئے | سب ہم سی ہین زیادہ کوئی ہم سی کم نہین

غزل میر تقی

دل عجب جنس گران قدر ہے بازار نہین | دی بہا سہل جو دیتی ہین خریدار نہین
کچہہ تمہین ملنے سے بیزار ہو میر ورنہ | دوستی ننگ نہین عیب نہین عار نہین
ایک دو بات کبہو ہمسے کہو یا نہ کہو | قدر کیا اپنے ہین اسلئے تکرار نہین
ناز و انداز و ادا عشوہ و اغماض و حیا | آب و گل مین ترے سب کچہ ہے یہی پیار نہین
صورت آئینہ مین ٹک دیکہ تو کیا صورت تہی | بدزبانی تجہے اس منہ سے سزاوار نہین
دلکی اولجہاو کو کیا تجہسے کہون ای ناصح | تو کسی زلف کے پہندے مین گرفتار نہین
اوسکی کاکل کی پہیلی کہو تم بوجہی میر | کیا ہے زنجیر نہین دام نہین یار نہین

غزل نصیر

نسیم زلف معنبر جو دے دیا ہے یون | تو پہر خطا ہی مرے مشک تتاری یون
قدم رکہے ہے مرے سینے پہ آکے گروہ نگار | حنا کا کام مین خون دل فگاری یون

لگے نہ ہاتھہ جو کوئی رباب چنگ نوا
تو اپنے دوش پہ کہہ بین کو کنارے لون

یہ جی مین ہے کہ نہ دیکھے کوئی بھی پیر کو
کنار آب روان چادر ابشاری لون

بلائین لینے سے میرے اگر خوشی ہو تیرے
بلائین مہر سے اخلاص دلسے پیار سے لون

گراسے بھی گل عارض کا تو ندی کو سے
تو پہر مین جبر کردن اپنے اختیار سے لون

نصیر مدرسہ عشق مین مطول کا
سبق نہ کیونکہ مین زلف دراز یار سے لون

غزل آتش

بہار لالہ و گل سے لگی ہے اگ گلشن مین
گریبان پہاڑ کر چل بیٹہے صحرا کی دامن مین

جنونکی جوش مین یکجا نہین دم بہر قرار آتا
کبھی گلشن سے صحرا مین کبھی صحرا سے گلشن مین

عذاب گور کا وہان سامنا یہان رنج دنیا کا
نہ گہر مین چین زندونکو نہ مردونکو ہی مدفن مین

کہلا زلفونکی لہرانے سے اس رخسار رنگین پر
زر گل کے نگہبانی کو دو کالی ہین گلشن مین

شریف کعبہ کو کعبہ مبارک ہمکو اے آتش
تو منکی گہورنے کو جا تہے ہین دیر برہمن مین

غزل مومن خان

نہ تن ہے کی تیرے بسمل کے ٹکڑے ٹکڑے ہین
ہے پاش پاش جگر دلکی ٹکڑے ٹکڑے ہین

جنون عشق پریرو دل شکن ہے بلا
کہ روز طوق سلاسل کے ٹکڑے ٹکڑے ہین

ادہا سوتے مین جو ی ٹپکار ات سر شاید
کہ زیر سر مرے سل کے ٹکڑے ٹکڑے ہین

دراز دستی یہ کس بے ادب نے کی دم صبح
تمام دامن قاتل کے ٹکڑے ٹکڑے ہین

یہ کسکی چشم فسونگر نے کی فسون سازے
طلسم جادو بابل کے ٹکڑے ٹکڑے ہین

یہان ہے چاک گریبان تو وہان بھی حسب سے
قبای شوخ شمایل کے ٹکڑے ٹکڑے ہین

نہ کیونکہ رشک سے خون ہو کسی کا اوس در پر
ہمیشہ اک نئے بسمل کے ٹکڑے ٹکڑے ہین

غزل سرائی کی مومن نے کیا کہ رشک سے آج
چمن مین سینہ عنادل کے ٹکڑے ٹکڑے ہین

غزل معروف

ڈبا دیا مجہے اس چشم تر کو کیا کوسون
جلا دیا مجہے سوز جگر کو کیا کوسون

کہے تہا مجہسے کہ سو کوس دور چلتا ہون
گیا تو مر ہی گیا نامہ بر کو کیا کوسون

چمن بے نظیر

لو نہین نقل ہو مرے مفت لی گیا دلکو
نقل ہی گر ہم نکی مفت بر کو کیا کوسون

رقیب ایکدم اس سے جدا نہین ہوتا
اس رہگذر کو کیا کوسون

چھپ کے بیٹھے ہین اس کے ہوتے ہی جا کے جب کیا

شب وصال کے ہوتے سحر کو کیا کوسون

طرب کو کردیا ماتم سحر کو کیا کوسون

وفور اشک قصور بصر کو کیا کوسون

پڑھتا ہین سینہ مین دل تک مژگان ہزارون چھید
غضب کیا مژۂ زخمی نے جگر کو کیا کوسون

نکال ان سے بزم مین بوسہ طلب کیا تو کہہ
جیا کسی کی نہین اس نشتر کو کیا کوسون

جفا ہین جب مری آئی ہین یاد آخر شب
لحاظ کئے نہ پچھلے پہر کو کیا کوسون

دیا ہے اپنے نے ظالم کو اپنے دل دردون
اب اور اس سے بیداد گر کو کیا کوسون

غزل جرات

لگ جا گلے سے طاقت اب اے نازنیں نہیں
ہے ہے خدا کے واسطے مت کر نہیں نہیں

کیا رک رہے وہ کبھی جو ٹک اس سے لگ چلوں
بس بس پرے ہو شوق یہ اپنے تئیں نہیں

پہلو میں کیا کہوں جگر و دل کا کیا ہے رنگ
کس روز اشک خونی سے تر آستیں نہیں

فرصت جو پا کے کہیے کبھو درد دل سو ہائے
وہ بدگمان کہے ہے کہ ہمکو یقیں نہیں

آتش سی بھڑک ہی ہے مرے تن بدن میں آہ
جیسے کہ روبرو وہ رخ آتشیں نہیں

اس بن جہاں میں کچھ نظر آتا ہے اور ہی
گویا وہ آسمان نہیں اور وہ زمیں نہیں

کیا جانے کیا وہ اس میں ہے لوٹی ہے جس پہ جی
یوں اور کیا جہان میں کوئی حسیں نہیں

سنتا ہے کون کس سے کہوں درد بیکسی
ہمدم نہیں ہے کوئی مرا ہمنشیں نہیں

ہر چند ہے بلطف شب ماہ سیر باغ
اندھیر پر یہی ہے کہ وہ مہ جبیں نہیں

آنکھوں کی راہ نکلی ہے کیا حسرتوں سے جی
وہ روبرو جو اپنے دم واپسیں نہیں

طوفان گریہ کیا کہیں کس وقت ہمنشیں
موج سرشک تا فلک ہفتمیں نہیں

حیرت ہے مجھکو کیونکہ وہ جرات ہے چین سے
جس بن قرار جی کو ہمارے کہیں نہیں

غزل سودا

گدا دست اہل کرم دیکھتے ہیں
ہم اپنا ہی دم اور قدم دیکھتے ہیں

نہ دیکھا جو کچھ جام میں جم نے اپنے
سو یک قطرۂ مے میں ہم دیکھتے ہیں

یہ رنجش میں ہمکو ہے بے اختیاری
تجھے تیری کھا کر قسم دیکھتے ہیں

غرض کفر سے کچھ نہ دیں سے ہے مطلب
تماشائے دیر و حرم دیکھتے ہیں

حباب لب جو ہیں اے باغباں ہم
چمن کو تری کوئی دم دیکھتے ہیں

نوشتے کو میرے مٹاتے ہیں رو رو
ملایک جو لوح و قلم دیکھتے ہیں

خدا دشمنوں کو نہ وہ کچھ دکھاوے
کہ جو دوست اپنے سے ہم دیکھتے ہیں

مٹا جائے ہے حرف حرف آنسوؤں سے
جو نامہ اوسے کر رقم دیکھتے ہیں

اکڑ سے نہیں کام سنبل کے ہم کو
کسی زلف کا پیچ و خم دیکھتے ہیں

ستم سے کی تو نے ہم کو یہ تو گر
کرم سے ترے ہم ستم دیکھتے ہیں

اگر تجھسے رنجیدہ خاطر ہے سودا
ولے تیرے کوچے میں ہم دیکھتے ہیں

غزل احسان

ہیں کیونکہ طفل اشک اپنے گلے کے ہار ہیں
ہیں تار تار تو کچھ رشتے ہی ناہموار ہیں

غزل مصحفی

[illegible] خاطر دشمن جان یار اور اغیار ہیں
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

فائدہ ہیں کج ادائیگان نہ سمجھا میں کبھی
لاغری کچھ نہایت ہی کہ میں بستر بھی ہوں
شیخ جی کسم ہم ہیں قائل کیا ہی اک دانا ہے یہ
آتش دوزخ تلک مجبور ہے ہمسے کہ ہم
ہی سے میں توبہ کروں استغفر اللہ سب غلط
اہل دین ہم جانکر پہر زیارت تہی گیے

یہ الف قد اتنی کہنے سے کیوں بیزار ہیں
اور مجکو ڈہونڈتے پہرتے مری غمخوار ہیں
سبحہ کی پروہیں وہ پہنے ہوئے زنار ہیں
خانہ زاد دودمان احمد مختار ہیں
نام توبہ سے سدا ہم پڑہتے استغفار ہیں
حضرت احسان کو دیکہا ایک دینا دار ہیں

غزل انشا

دہوم اتنی ترے دیوانے مچا سکتے ہیں
مجہسے اغیار کوئی آنکھ ملا سکتے ہیں
وہ یہاں آتش نفسان کہ پہر آئیں تو جہٹ
سوچتے تو بہی ہٹ دہرمی نکیجے صاحب
حضرت دل تو بگاڑ آئے ہیں اُس سے لیکن
شیخی اتنی نکر اے شیخ کہ رندان جہاں
تو گروہ فقرا کو نہ سمجھ بے جبروت
چارہ ساز اپنے تو مصروف وبال ہیں لیکن
ہے محبت جو تری لمیں وہ اک طور پہ ہے
کرکے جہوٹا نہ دیا جام اگر تونے تو چل
ہمنفسیں تجہ جو یہ کہنا ہے کہ قدغن ہے بہت
اپنی آواز سنا دیں مجھے در تک آکر
ایک ڈہب کے جو قوافی ہیں ہم انہیں انشا

کہ ابہی عرش کو چاہیں تو ہلا سکتے ہیں
منہ تو دیکھو وہ مرے سامنے آسکتے ہیں
آگ دامان شفق کو بہی لگا سکتے ہیں
چٹکیوں میں مجہے کب آپ اڑا سکتے ہیں
ابہی ہم چاہیں تو پہر بات بنا سکتے ہیں
اونگلیوں پر تجہے چاہیں تو نچا سکتے ہیں
ذات مولا سے ہیں یہی لوگ سما سکتے ہیں
کوئی تقدیر کے لکہے کو مٹا سکتے ہیں
ہم گہٹا سکتے ہیں اسکو نہ بڑہا سکتے ہیں
مارے غیرت کے تو افیون تو کہا سکتے ہیں
اے وہ آواز ہی کب تجکو سنا سکتے ہیں
اپنے پاؤں کے گرد ونکو تو بچا سکتے ہیں
یک غزل اور بہی چاہیں تو سنا سکتے ہیں

غزل غالب

دہوتا ہوں جب میں پینے کو اس سیمتن کے پاؤں
مرہم کی جستجو میں پھرا ہوں جو دور دور

رکہتا ہی ضد سے کہینچکے باہر لگن کے پاؤں
تن سے سوا فگار ہیں اس خستہ تن کے پاؤں

چمن بے نظیر

غزل نظیر

گل نظر آیا چمن میں اک عجب رشک چمن

زلف کاکل خال و ابرو ہیں کیے چاروں غلام
مشک تبت مشک چین مشک ختا مشک ختن

مبتلا ایسونکی ہو تمہیں وہ ہے ہاں بے نظیر
بیقرار و دل فگار و خستہ جاں بیوطن

غزل مضطر

پھیلی اس لب سے ہوئے لعل بدخشاں کے نشان
رشک سے خون جگر کھا گئی مرجان کی جان

شاخ گل رقص میں ہے وجد میں آئی ہے نسیم
کف زناں برگ ہیں سن بلبل بستاں کی تان

بت کی پوجا سے جو مقصد برآوے تیرا
گور کو جا کے کسی پیر مسلمان کے کمان

کنہ ذات میں جب فکر کیا انسان نے
ہوش اسجا پہ ہوئے صاحب فانی خان

حادثہ دہر سے امداد نہو نا مضطر
تیغ ہمت کو جڑ ہا لیجئے اوسا کے سان

غزل ناسخ

ماہ تو ہے مثل ابرو لیکن اسکا رو نہیں
ماہ کامل صورت رو ہے مگر ابرو نہیں

کونسا تن ہے کہ مثل روح جسم تو نہیں
کون گل ہے جو ترا ہمسنگ برنگ تو نہیں

مشک میں خوشبو ہے پیچ و تاب مثل مو نہیں
پیچ ہیں سنبل میں مثل مو مگر خوشبو نہیں

جام نرگس میں کہاں شبنم جو نکلی آفتاب
یار کے آگے مرا آنکھوں میں اک آنسو نہیں

یاد گیسو میں ہوا میرا یہ دیہی سا بدن
مجھ پہ پھبتی کہتے ہیں مو باف میں گیسو نہیں

جسم ایسا گھل گیا ہے مجھ مریض عشق کا
دیکھکر کہتے ہیں سب تعویذ ہے بازو نہیں

دیکھے ہیں ہنسنے میں جسدن سے دندان یار
چین مثل گوہر غلطاں کسی پہلو نہیں

عشق میں مسرت ہو نہیں پر کوئی واقف نہیں
نشہ ہے جام مئے الفت میں لیکن بو نہیں

زلف جاناں میں نہیں کوئی دل وحشی اسیر
یہ عجب تاتار ہے جو ایک بھی آہو نہیں

ہو گیا ہے یہ فراق آفتاب و ماہ تو
یار کے رخسار آتش رنگ پر ابرو نہیں

ہو گیا ہے مثل مو میرا رنگ بنا سیاہ
آگے آنکھوں کے صنم جیسے مرے گیسو نہیں

رات دن ماتم کہتے ہیں بہ آواز بلند
دیر سے بہتر ہے کعبہ گر یہ تو نہیں تو نہیں

قمریاں دیوانہ میں کیونکر گلے ڈالیں طوق
باغ میں اک سرو مثل قامت دلجو نہیں

غزل آتش

آرزو ہے کہ تجھے سجدے سحر و شام کریں
ہمہ تن ہو کے زباں ورد ترا نام کریں

میرے ماتم میں نہ کپڑے وہ سیہ فام کریں
خود بھی رسوا ہوں مجھکو بھی بدنام کریں

گریۂ شادی مینا سے ہے ظاہر ہوتا
حال پر صوفیوں کی خندہ زنی جام کریں

سوئے چہ یار کا ہیں پاؤں ارادہ ہر گام
کعبۃ اللہ کے چلنے کا سرانجام کریں

غزل [illegible]

[illegible] ہوئی ہیں ہمیں [illegible]
[illegible] نہ تمنا م سر بین

[illegible] پیدا [illegible]
[illegible] جا سر بین

[illegible] طلب [illegible]
[illegible] سر بین

[illegible] اگر تا م سر بین
[illegible] خیال

[illegible] تا م سر بین

یک طرح حسن رخ زلف جنہین تو دکھلای — نشۂ عشق سے مستی سحر و شام کرین
شکوہ جاتا ہون تو منہ پہیر کے وہ کہتے ہین — نیند آئی ہے ہمین آپ بہی آرام کرین
بیٹہکر گوشۂ عزلت مین بول اتنا جو بیٹہ — قصد پہپٹ پڑنے کا آتش نہ در و بام کرین

غزل مومن خان

ہو گئی گہر مین خبر ہے منع وہان جانا ہمین — وہ بہی رسوا ہو خدا جسنے کیا رسوا ہمین
دمبدم روتا ہمین چار و طرف تکنا ہمین — یا کہین عاشق ہوئے یا ہو گیا سودا ہمین
ہر ستم صیاد کا کیا التفات آمیز تہا — بند کرنے کو قفس مین دام سے چہوڑا ہمین
یار تہی یا دشمن جان تہی الہی چارہ گر — لیچلے مرگے ہے زندان سے سوئے صحرا ہمین
طالع برگشتہ بخت خفتہ مت پوچہو کہ ہم — غش پڑے تہے پہر گیا وہ جھانکر سوتا ہمین
تو نجانی عشق بازی اور ہم نادان ہین — بے سمجہ کہتا ہے ناصح تو نے کیا سمجہا ہمین
یہ ستم کیا غیر پر کرتا وہ سچ پوچہو تو ہے — یار کے ناز بجا سے شکوۂ بیجا ہمین
کیا کہین ہم رہ گئی حیران تجہکو دیکہکر — اگیا دل یاد ای آئینہ رو اپنا ہمین
اہل ماتم اپنے روئین کسطرح منہ ڈہانپکر — مرتے مرتے پاس اس پردہ نشین کا تہا ہمین
ہمسے نازک طبع سے کب اوٹہ سکی بیداد چرخ — مر گئی مضمون جور یار جو سوجہا ہمین
مومن انکا تو نہا ملنے مین ہرگز اختیار — یہ شکایت ہی خدا سے ہے تو نے کیا ہمین

غزل نصیر

قدم نہ رکہہ مرے چشم پر آب کے گہر مین — بہرا ہے موج کا طوفان حباب کے گہر مین
کہی ہے دیکہکے وہ عکس رخ بساغر مے — نزول ماہ ہوا آفتاب کے گہر مین
مدام رند کرین کیون نہ آستان بوسے — حرم ہے شیخ مشیخت مآب کی گہر مین
ہمارے دلمین کہان آبلے ہین اے ساقی — چنے ہوئی ہین یہ شیشی شراب کی گہر مین
شتاب کو دیکہہ مری لگی برق آتش باز — خجل ہو چہپ گئی آخر سحاب کے گہر مین
ملا نہ کیونکہ کرون اختلاط کی باتین — حجاب کیا ہے اب اس بے حجاب کے گہر مین
نصیر دیکہہ تو کیا جلوۂ خدائی ہے — ہمارا اس بت خانہ خراب کے گہر مین

غزل معروف

مین رنج محبت کبھی راحت سے نہ بدلون
عیش غم و جہان اسکی مصیبت سے نہ بدلون
مجھسے کبھی یوسف کو اگر بدلے زلیخا
زندان مین پڑا رہون پر اس صورت سے نہ بدلون
یہ رنگ رخ زرد جو اب دیکھو ہو میرا
قارون بھی اگر بدلے دولت سے نہ بدلون

چمن بے نظیر

گر لاکھ کوئی مجھ پہ قیامت کرے برپا
تو بھی تری قامت کو قیامت سے نہ بدلون
اس عشق کی رسوائی مین ہے یہ مرتبۂ عزت
حرمت سے کوئی بدلے تو حرمت سے نہ بدلون
مالوف ہے دل مین غم الفت کی جو پیکان
گر بدلون خوشی سے غم الفت سے نہ بدلون
دی خضر اگر چشمۂ حیوان بہی تو ہرگز
واللہ میں اس چشم عنایت سے نہ بدلون

جنت کو اگر دیدے کوئی اسکی گلی سے
مر جاؤں و لے تو بھی میں جنت سے نہ بدلوں

تو چلے ہے کہ ای شعلہ خواب لے یہ کروٹ
یہ یاد رہے تیری شرارت سے نہ بدلوں

ایسی ہے حلاوت تیری لوبے کی شکر لب
میں شرع میں بھی قند کی شربت سے نہ بدلوں

معروف مرے پاس ہے وہ گنج قناعت
اسکندر و دارا کی بھی شوکت سے نہ بدلوں

غزل میر تقی

جنوں پر یکی باتیں دشت اور گلشن میں جب چلیاں
نہ چوب گل نے دم مارا نہ چھڑیاں بید کی ہلیاں

گریباں شور محشر کا اوڑایا دہجیاں کر کر
فغاں پر ناز کرتا ہوں کہ بلبل تک سے ہٹیلیاں

تفاوت کچھ نہیں شیریں و شکر اور یوسف میں
سبھی معشوق گر پوچھو تو سب مصری کی ہیں ڈلیاں

تیری غمزے نے جور و ظلم سے آنکھیں غزالوں کو
بیابانیں کہا مجنوں کو آنکھوں کے تلے ملیاں

چمن کو آج مارا ہے یہاں تک رشک گلشن نے
کہ بلبل سر پٹکتی ہی نہیں منہ کھولتی کلیاں

مری آہ سحر کی برچھیاں سختی کی پر لوہے
نگاہیں کرکے گر پڑتی ہیں بجلی کی ہی چلبلیاں

صنم کی زلف میں کوچہ ہی رستہ ہر اک ہو پیر
نہ دیکھی ہونگی تو نے خضر یہ ظلمات کی گلیاں

دیوانہ ہو گیا تو میر آخر ریختہ کہکر
نہ کہتا تھا میں اے ظالم کریہ باتیں نہیں بھلیاں

غزل انشا اللہ خان

حیف ایام جوانی کے چلے جاتے ہیں
ہر گھڑی ذکی طرح ہم بھی ڈھلے جاتے ہیں

سامنے آنکھوں کے ڈستا ہی چمن نرگس کا
کہکے آتا ہوں ابھی آپ چلے آتے ہیں

ناخنہ کیا پھیر وہو عارض پہ ابھی کیا ہی ملال
خط کا کچھ دخل نہیں گال ملے جاتے ہیں

یاد ہیں اس خط نوخیز کے چون داد خط
اشک سبز آنکھوں سے ہر وقت بہی جاتے ہیں

آسیا آنکھ کی ہے چشم تر اپنے جس سے
روز چھاتی پہ مری مونگ دلے جاتے ہیں

گرم ہو آپ جو ٹک ملتے ہیں انشا سے کبھی
آتش رشک سے اغیار جلے جاتے ہیں

غزل نظیر

صفائی اسکی جھلکتی ہی گورے سینے ہیں
چمک کہاں ہے یہ الماس کے نگینے میں

نہ موتی ہے نہ کناری نہ گوکھر دتس پر
سجے ہی شوخ کی انگیا بنت کی سینے میں

جو پوچھا میں نے کہاں تھے تو ہنس کے یوں بولے
میں لگ رہی تھی اس انگیا موتی کے سینے میں
پڑا جو ہاتھ مرا سینہ پر تو ماتھے چمک
پکاری آگ لگے آ اس قرینے میں
جو ایسا ہے تو اب روز ہم نہ آویں گے
کبھو جو آئے تو ہفتے میں یا مہینے میں
کبھو سک کبھو بس کبھو پیالہ پٹک
دماغ کرتے تھے کیا کیا شراب پینے میں

غزل جان صاحب

[illegible]

غزل غالب

بیگا جو ناز و ادا اُس بت لاثانی میں	ایک ہی بات نہ تھی یوسف کنعانی میں
عشق میں دیتا ہوں میں لیلے کی کا دہن جانکو	دسترس کہرے کہاں قیس بیابانی میں
چرخ نے مینہ مہتاب کو کانوں میں دیا	شور رہا شک ہر مری اشک کی طغیانی میں
جان مردوں کی پھری لب سے جو نکلے دشنام	کیا مسیحائی ہے اُس لعل بدخشانی میں
کار شمشیر کا کرتا ہے خیال ابرو	داغ اس کا ہی ازل سے مری پیشانی میں
پہنکر ہو دیگا خوش شال دوشالہ کوئی	ہم بھی ہیں شاد ہی غالب ترے عریانی میں

غزل رضا

خواہ نزدیک کہو خواہ رکھو دور ہمیں	دیکھنا ایک نظر تمکو ہے منظور ہمیں
دشت گلشن کی کری سیر یہ کسکا دل ہے	اس تکالیف سے یار رکھو معذور ہمیں
ہجر کی رات تو ٹلتی ہے نہیں ہے یارب	کیا دکھاویگی اب آخر شب دیجور ہمیں
صورت حق تو ہر آئینہ میں ہے جلوہ نما	دیدہ حیرانی سے اپنی نہیں مقدور ہمیں
اب ترا پینے کی بہی طاقت نہ رہی ہمکو رضا	اسقدر آہ کیا ضعف نے رنجور ہمیں

غزل شاہ عالم

عاجز ہوں ترے ہاتھ سے کیا کام کروں میں	کر چاک گریباں تجھے بدنام کروں میں
رم رہتا ہے ای تند خو گواب کی تو مجھے	پر دیکھہ تو کیسا ہی تجھے رام کروں میں
اس دور جہاں میں بھی شب شکوہ تجھی سے	کیوں کچھہ گلہ گردش ایام کروں میں
حیران ہوں ترے ہجر میں کس طرح سے پیارے	شب روز کو اور صبح کو میں شام کروں میں
مجکو شہ عالم کیا اس رب نے نہ کیونکر	اللہ کا شکرانہ انعام کروں میں
آوے جو تصرف میں کر میکدہ ساقی	یکدم میں خموں کے خم انعام کروں میں

غزل درد

مژگان تر ہوں یا رگ تاک بریدہ ہوں	جو کچھہ کہ ہوں سو ہوں غرض آفت رسیدہ ہوں
کھینچے ہے دور آپ کو میری فروتنی	افتادہ ہوں پہ سایۂ قد کشیدہ ہوں
ہر شام مثل شام ہوں میں تیرہ روزگار	ہر صبح مثل صبح گریباں دریدہ ہوں

ارمان ہے کوئی گل تو مرے ساتھ خندہ زن
بنا وہ میں تو موج نسیم وزیدہ ہوں
پیدا کیا ہے آبلۂ دل کہ بعد مرگ
سنگ مزار میں بھی نہیں آرمیدہ ہوں
اے درد جا چکا ہے مرا کام ضبط سے
بن غمزدہ تو قطرۂ اشک چکیدہ ہوں

غزل مجبو

چمن بے نظیر

یوں وہ رخ ہے حجاب میں روشن
ماہ جوں ہے سحاب میں روشن
اوسکی بتی ہیں یہ بلاق نہیں
شمع ہے آفتاب میں روشن
یوں سدا رووگے ... جب روشن
آنکھیں دیکھوگے تو پھر اے سمجھو
... خواب میں روشن

غزل سوز

شہد مین جیسے مگس ہم حرص مین پابند ہین
وائے غفلت اس سے زیدا نہین لوح منند ہین

رزق کا ضامن خدا ہے شاید کلام اللہ سے
تس پہ بھی اے صورتونکی روز حاجتمند ہین

معتبر وہ نہین دیکھتے ہین اپنی انکھونسی ہنوز
یہ برادر یہ پدر یہ خویش یہ فرزند ہین

تو بھی رعنائی سی ٹھوکر مار کر چلتے ہین یار
سوچتی اتنا نہین ہم خاک کی پیوند ہین

جب تک آنکھین کھلین ہین دیکھہ دیکھہ لینگے یار
مند گئین جب آنکھڑیان تب سوز سب آنند ہین

غزل سلطان

گل کہ بستر تھے سیتر تجھہ بن
ایک آفت تھی رات بھر تجھہ بن

میرے حق مین تو وہ ہی دوزخ ہے
جاؤن مین خلد مین اگر تجھہ بن

کفر کسکا ہے اور کیا اسلام
اب اپنی نہین خبر تجھہ بن

ہو درخت امید بار آور
عمر کا کچھہ نہین مزا تجھہ بن

آرہی ہے لبون پہ جان حزین
دم کا دم مین نہین اثر تجھہ بن

تو ہے اے ماہ ایک ہمدم ہے
کون لیجاوے وہان خبر تجھہ بن

گر مین سلطان ہفت کشور ہون
ایک مفلس ہون سیمبر تجھہ بن

غزل حاجی

